پریس ریلیز

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔۱۱۰۰۲۱ فون:۲۴۱۹۸۰۰۰ ایکسٹنشن:۸۸۲۲

فیکس: ۸۶۲۹ / ۲۴۱۹۸۸۱۷۔(۹۱۔۱۱) انٹرنیٹ : http://newdelhi.usembassy.gov

شعبۂ امور عامہ
سفارتخانہ امریکا

نئی دلی میں امریکی یونیورسٹی میلہ 16 ستمبر کو

نئی دلی 14 ستمبر 2006: لنڈن ایجوکیشنل سروسز، واشنگٹن ڈی سی کے زیر اہتمام نئی دلی کے تاج پیلیس ہوٹل میں 16 ستمبر، سنیچر کو دن کے ایک بجے سے شام پانچ بجے تک "امریکی یونیورسٹی میلہ" منعقد کیا جا رہا ہے۔ اس میلہ میں سب کے لئے داخلہ مفت ہے۔ البتہ میلہ کا پہلا ایک گھنٹہ صرف انڈر گریجویٹ طلباء کے لئے وقف ہوگا۔

امریکہ میں تعلیم حاصل کرنے کے بارے میں زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کرنے کے خواہشمند طلباء اور والدین کے لئے اس میلہ میں شرکت کرنے والے 28 امریکی اداروں کے نمائندوں سے ملاقات کا موقع ہوگا۔ میلہ میں شریک ہونے والے اسکول اعلیٰ سرکاری اداروں، پرائیویٹ یونیورسٹیوں اور لبرل آرٹس کالجوں سمیت امریکہ کے تعلیمی نظام کی مکمل معلومات فراہم کرائیں گے۔ بہت سے اسکول بزنس مینجمنٹ، کمپیوٹر سائنس اور انجینئرنگ میں خصوصی انڈر گریجویٹ، گریجویٹ اور ڈاکٹریٹ کورسیز فراہم کراتے ہیں۔

میلہ میں دو معلوماتی نمائش بھی پیش کی جائیں گی۔ لنڈن ایجوکیشنل سروسز کے ایک رکن ساڑھے بارہ بجے "گریجویٹ طلباء کے لئے امریکہ میں اعلیٰ تعلیم" کے موضوع پر لکچر دیں گے جبکہ ایک دوسرے رکن "انڈر گریجویٹ طلباء کے لئے امریکہ میں اعلیٰ تعلیم" کے موضوع پر دن میں دو بجے تقریر کریں گے۔ گزشتہ سال 5 لاکھ 72 ہزار سے بھی زیادہ بین الاقوامی طلباء نے امریکہ میں اعلیٰ تعلیم حاصل کی جن میں ہندوستانی طلباء کی تعداد 80 ہزار سے بھی زیادہ تھی۔

پری رجسٹریشن فارم اور میلہ میں شریک ہونے والی یونیورسٹیوں کی فہرست کے علاوہ مزید معلومات کے لئے ویب سائٹ www.lindentours.com لاگ آن کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو میلہ کے بارے میں مزید معلومات چاہئیں تو برائے مہربانی یو ایس ایجوکیشنل فاؤنڈیشن ان انڈیا (USEFI) کو 011-2332-8944 پر فون کریں یا luna@fulbright-India.org یا Brett bratchford@lindentours.com پر ای میل کریں۔

☆☆☆☆☆